علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
کلیہ عربی و علوم اسلامیہ
(شعبہ قرآن و تفسیر)

وارننگ

عزیز طلبہ!

آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: منتخب تفسیری نصوص کا مطالعہ-1(1959) سمسٹر: بہار2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ سکیں جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر1

کل نمبر:100　　(یونٹ نمبر:1تا5)　　کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر-1　سورۃ الانعام کا شان نزول بیان کیجئے نیز رسول اللہ ﷺ کا جنس انسان سے ہونا اللہ تعالیٰ کا احسان ہے، نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر-2　سورۃ براۃ کے شروع میں بسم اللہ نہ ہونے کی وجہ تحریر کیجئے نیز حج اکبر کے دن برات کا کیا اعلان ہوا اور کیسے ہوا؟ تفصیلاً بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر-3　اللہ تعالیٰ کی صفات و ملکیت کو سورۃ ھود کی آیت 5،6،7،اور 8، کی روشنی میں بیان کیجئے۔ نیز سورۃ ھود کی آیت نمبر17 کی روشنی میں مومن کون ہیں؟ نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر-4　فی ظلال القرآن کی روشنی میں سورۃ الحجر کے سیاق اور مضامین و عمود سے متعلق معلومات قلم بند کریں۔

(20)

سوال نمبر-5　تفسیر نمونہ کی روشنی میں قصہ موسیٰؑ و حضرؑ کو تفصیلاً بیان کیجئے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100　　(یونٹ نمبر:6تا9)　　کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔　سورۃ محمد کی پہلی دس آیات کی تفسیر تفہیم القرآن کی روشنی میں بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر-2　سورۃ الاسراء کی پہلی دس آیات مبارکہ کی تفسیر ضیاء القرآن کی روشنی میں تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر-3　تدبر قرآن کی روشنی میں سورۃ الحجرات کی آیت 11تا18 کی مکمل تفسیر قلم بند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر-4　تبیان القرآن از غلام رسول سعیدی کی روشنی میں سورۃ الحجرات کی پہلی پانچ آیات مبارکہ کی تفسیر بیان کیجئے۔

(20)

سوال نمبر-5　سورۃ الاسراء کی آیات نمبر 11 سے 25 تک کی تفسیر ضیاء القرآن کی روشنی میں بیان کیجئے۔ (20)